پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ : www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ : www.rbi.org.in
ای میل : helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358

4 فروری 2019

بیدر مہیلا کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بیدر، کرناٹک۔ جرمانہ عائد

ریزرو بینک آف انڈیا نے ''بیدر مہیلا کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بیدر پر پچاس ہزار روپیے (Rs.50,000) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ آر بی آئی نے اس کوآپریٹیو بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A جس کو سیکشن (4) 46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کی موجودہ ہدایات جو کہ بینک کے ڈائریکٹرس وان کے قریبی رشتہ داروں کو قرض دینے سے متعلق تھیں، کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزرو بینک نے اس کوآپریٹیو بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا اس کے جواب میں اس بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا۔ معاملہ کی حقیقت اور اس کی نوعیت پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 1830/2018-2019